قادیانیوں کی شرمناک جسارت | کنری سندھ احمد الدین قادیانی سابق امیر جماعت احمدیہ کنری کے لڑکے ڈاکٹر رشید انور بر سر عام قرآن پاک کے اوراق جلائے۔ شہر میں احتجاج ہوا۔ کلاسوں سے لڑکوں نے بائیکاٹ کیا اور جلوس جب ڈاکٹر رشید کی دوکان کے سامنے پہنچا تو اس نے فائرنگ کی، کئی طلباء زخمی ہوئے ڈی۔ایس۔پی نے قادیانیوں سے بھاری رقم لے کر مسلمانوں پر ظلم شروع کیا۔ امن عامہ تباہ ہونے کا خطرہ ہے۔ آپ یہ صورتحال حکومت تک پہنچادیں۔

مجلس تحفظ ختم نبوت۔ کنری سندھ

ایک مفید تجویز | براہ کرم الحق میں کم ازکم دو صفحے دینی طلباء کی تحریرات کیلئے مخصوص کئے جائیں تاکہ ان طلباء کی تحریری صلاحیتیں اجاگر ہوسکیں۔

محمد شفیع بلوچ جمعیۃ الطلباء اسلام۔ ٹنڈو اللہ یار (سندھ)

قادیانیوں کی صیہونی اور استعماری سرگرمیاں تیز ہوں گی یہ لوگ کسی رواداری کے قابل نہیں یہ لوگ اسلام دشمن عناصر سے ملکر اسلام کی بیخ کنی میں مصروف ہیں۔ کیا ارباب حل و عقد ان پر کڑی نگرانی رکھیں گے۔

محمد سلیم اختر۔ چنیوٹ۔ جھنگ

الحق کی روایت ہے کہ مرزا ناصر نے قرآن کے مختلف تراجم دنیا میں پھیلانے کا پروگرام پیش کیا ہے۔ تو کیا مسلمان محض چیخ و پکار سے مرزائی فتنہ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ ایسے تحریفی لٹریچر کو مؤثر طور پر حکومت کے روکنے کا رد عمل کیا ہے۔ اور علماء کیا کر رہے ہیں۔ ضروری ہے کہ ان کے ہر اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے۔

محمد رفیق ملک۔ ایم اے۔ راولپنڈی

ہماری طرف سے مبارکباد قبول فرمائیں کہ کذابوں سے نجات مل گئی۔ خدا کے فضل سے صدر مجلس عمل مولانا بنوری کو ہم نے لندن بلایا ہے۔ آپ انٹرنیشنل مشن کے زیر اہتمام لندن برمنگھم گلاسکو مانچسٹر وغیرہ میں عام جلسوں سے خطاب کریں گے۔ ہماری مدت سے یہ تمنا ہے کہ آپ اور حضرت شیخ الحدیث صاحب کوئی وقت نکال کر ہمارے مشن کی دعوت پر یہاں آنا قبول فرمادیں۔ کاش حضرت شیخ الحدیث اسے منظور فرما سکیں۔

راؤ شمشیر علی خان صاحب۔ انٹرنیشنل اسلامی مشن
مدیر دعوت الحق۔ انگلینڈ